(86) سورۃ الطارق

(مکی – کل آیات 17)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ (1)

آسمان کی قسم ہے اور رات کو آنے والے کی۔

وَمَآ اَدۡرَاكَ مَا الطَّارِقُ (2)

اور آپ کو کیا معلوم رات کو آنے والا کیا ہے۔

اَلنَّجۡمُ الثَّاقِبُ (3)

وہ چمکتا ہوا ستارہ ہے۔

اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ (4)

ایسی کوئی بھی جان نہیں کہ جس پر ایک محافظ مقرر نہ ہو۔

فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ (5)

پس انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔

خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ (6)

ایک اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے۔

يَخۡرُجُ مِنۡ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ (7)

جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ (8)

بے شک وہ اس کے لوٹانے پر قادر ہے۔

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ (9)

جس دن بھید ظاہر کیے جائیں گے۔

فَمَا لَـهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ (10)

تو اس کے لیے نہ کوئی طاقت ہوگی اور نہ کوئی مددگار۔

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ (11)

آسمان اور بارش والے کی قسم ہے۔

وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ (12)

اور زمین کی جو پھٹ جاتی ہے۔

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ (13)

بے شک قرآن قطعی بات ہے۔

وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ (14)

اور وہ ہنسی کی بات نہیں ہے۔

اِنَّـهُـمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا (15)

بے شک وہ ایک تدبیر کر رہے ہیں۔

وَاَكِيْدُ كَيْدًا (16)

اور میں بھی ایک تدبیر کر رہا ہوں۔

فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ اَمْهِلْـهُـمْ رُوَيْدًا (17)

پس کافروں کو تھوڑے دنوں کی مہلت دے دو۔